تعلیمی بورڈز کے طلباء وطالبات کیلئے امتحانی پالیسی 2021ء جاری کردی گئی

امتحان انٹرمیڈیٹ سالانہ 2021ء کی طرح میٹرک کلاس دہم کی تمام کیٹگریز میں بھی صرف اختیاری مضامین کے پیپرز ہوں گے

طلباء وطالبات جتنے نمبرز اختیاری مضامین میں حاصل کریں گے انہیں اسی تناسب سے لازمی مضامین میں بھی دیدئے جائیں گے

امتحان میٹرک کلاس نہم اور امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ کے طلباء وطالبات کے بھی صرف اختیاری مضامین کے پیپرز ہوں گے

پارٹ سیکنڈ وکمپوزٹ کے کسی بھی اختیاری مضمون میں فیل ہونے والے طلباء وطالبات اپنی کمپارٹمنٹ کلیئر ہونے تک فیل ہی رہیں گے

نئی امتحانی پالیسی سے متعلق معلومات کی صورت میں ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد کی ویب سائیٹ ملاحظہ کی جائے ☆ پروفیسر ڈاکٹر طیبہ شاہین

فیصل آباد(   ) حکومت پنجاب سیکرٹری ہایئر ایجوکیشن لاہور کی طرف سے Covid-19 کے باعث پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز کے طلباء و طالبات کی سہولت کے پیش نظر امتحانی پالیسی 2021ء جاری کردی گئی۔ چیئر پرسن بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر طیبہ شاہین کے مطابق امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ سالانہ 2021ء کی طرح امتحان میٹرک کلاس دہم سالانہ 2021ء میں شامل ہونے والے طلباء وطالبات کے بھی صرف اختیاری مضامین کے پیپرز ہوں گے اور اختیاری مضامین میں وہ جتنے نمبرز حاصل کریں گے اسی تناسب سے انہیں لازمی مضامین کے نمبرز دے دیئے جائیں گے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ امتحان میٹرک وانٹرمیڈیٹ سالانہ 2021ء میں پارٹ سیکنڈ' کمپوزٹ' مارکس امپروو' ایڈیشنل مضامین' شہادۃ الثانیہ یا میڈیکل ٹیکنالوجی گروپ پارٹ سیکنڈ کے مضامین کا امتحان دینے والے تمام طلباء وطالبات کو صرف اختیاری مضامین میں حاصل کردہ نمبروں کے تناسب سے لازمی مضامین میں نمبرز ملیں گے جبکہ امتحان میٹرک کلاس نہم سالانہ 2021ء اور امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ سالانہ 2021ء کے طلباء وطالبات کے بھی صرف اختیاری مضامین کے پیپرز ہوں گے اور جتنے نمبرز وہ اختیاری مضامین میں لیں گے اسی تناسب سے انہیں بھی لازمی مضامین میں نمبرز دے دیئے جائیں گے۔ چیئر پرسن بورڈ نے مزید کہا کہ امتحان میٹرک وانٹرمیڈیٹ سالانہ 2021ء پارٹ سیکنڈ وکمپوزٹ کا امتحان دینے والے جو طلباء وطالبات کسی بھی اختیاری مضمون میں فیل ہوئے تو وہ اس وقت تک پاس نہیں ہوں گے جب تک وہ اپنی کمپارٹمنٹ کلیئر نہیں کر لیتے۔ اسی طرح جن طلباء وطالبات نے لازمی مضامین کے مارکس امپروو کرنے یا کمپارٹمنٹ پارٹ سیکنڈ میں داخلہ بھجوایا ہے ان کے لازمی مضامین کا امتحان نہیں ہوگا مگر انہیں باقی مضامین میں حاصل کردہ نمبرز کی اوسط سے نمبرز دے دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نئی امتحانی پالیسی کے مطابق امسال بھی کسی سائنس مضمون کا پریکٹیکل نہیں ہوگا تاہم پریکٹیکل کے پچاس فیصد نمبرز تمام طلباء وطالبات کو یکساں دے دیئے جائیں گے جبکہ باقی کے پچاس فیصد نمبرز تھیوری میں حاصل کردہ نمبرز کے تناسب سے ملیں گے۔ پروفیسر ڈاکٹر طیبہ شاہین نے کہا کہ اگر کسی معاملہ میں کوئی پیچیدگی بنے تو طلباء وطالبات چیئرمین پی بی سی کو تحریری طور پر اس مسئلہ کے حل بارے لکھیں اور (پی بی سی) کمیٹی 30 دن کے اندر اس مسئلے کا فیصلہ کرے گی جو قطعی طور پر حتمی تصور ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب سیکرٹری ہایئر ایجوکیشن لاہور کی طرف سے جاری ہونے والی نئی امتحانی پالیسی بارے اگر کسی کو مزید معلومات درکار ہوں تو وہ ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد کی ویب سائیٹ www.bisefsd.edu.pk ملاحظہ کر سکتا ہے۔

31/7/21

Public Relations Officer
Board of Intermediate & Secondary
Education, Faisalabad